ایک سفر میں مشرکین کا کوئی جاسوس نبی کریم ﷺ کے پاس آیا

سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک سفر میں مشرکین کا کوئی جاسوس نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور صحابہ کے ساتھ بیٹھ کر بات کرتا رہا، پھر خاموشی سے کھسک گیا، تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ”اسے ڈھونڈو اور قتل کر ڈالو“ میں نے اسے قتل کر دیا، تو آپ ﷺ نے اس کا سامان مجھے بطور نفل (انعام) عنایت فرمایا ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: ”اس کو کس نے قتل کیا ہے؟“ لوگوں نے بتایا کہ ابن اکوع نے، تو آپ ﷺ نے فرمایا: ”اس کا سارا سامان ابن اکوع کا ہے“

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے] - متفق علیہ]

اس حدیث میں ایسے کافر حربی شخص کے متعلق اسلام کا قانون بتایا جا رہا ہے، جو مسلمانوں کی جاسوسی کرتا ہو سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ کے پاس مشرکین کا ایک جاسوس آیا "العین" یعنی جاسوس اسے یہ نام اس لیے دیا گیا کہ وہ آنکھ ہی سے کام کرتا ہے یا دیکھنے میں اس قدر منہمک رہتا ہے کہ سراپا آنکھ بن جاتا ہے اس وقت آپ سفر پر تھے چنانچہ جاسوس صحابہ کے درمیان بیٹھ کر باتیں کرنے لگا پھر وہاں سے کھسک گیا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس کو تلاش کرو اور قتل کر دو چنانچہ میں نے اسے تلاش کر کے پکڑ لیا اور قتل کر دیا آپ نے مجھے اس کا سامان بطور نفل دے دیا نفل وہ غنیمت کا وہ مال ہے، جو کسی مجاہد کو اس کے حصے سے زیادہ دیا جائے "سلب" یعنی اس کے کپڑے اور ہتھیار وغیرہ انہیں "سلب" اس لیے کہا جاتا ہے؛ کیوں کہ انہیں چھینا جاتا ہے "سلب" میں سواری، اس کا زین، ہتھیار، چوپایے پر موجود مال اور ان کے ساتھ موجود سونا چاندی وغیرہ سب شامل ہیں

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/2939